25/7/25
C.O
AD (Pub)
25/7/25
DDC(PHPR)


قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں، القرآن

روزنامہ اوصاف
Daily AUSAF

جمعۃ المبارک، 29 محرم الحرام 1447ھ، 25 جولائی 2025ء


# سہیل شوکت بٹ کا سروسز ہسپتال کا دورہ محکمہ سوشل ویلفیئر کے میڈیکل یونٹ کا جائزہ

## میڈیکل اسسمنٹ بورڈ کے دفتر کا معائنہ، تمام پینڈنگ معذوری سرٹیفکیٹس ضروری کارروائی کے بعد جلد جاری کرنے کی ہدایات

لاہور(نیوز رپورٹر) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے گزشتہ روز سروسز ہسپتال کا دورہ کیا۔ انہوں نے محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت قائم کردہ میڈیکل سوشل سروسز یونٹ کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر نے ایم ایس سروسز ہسپتال اور سوشل ویلفیئر کے افسران کو ہدایت دی کہ میڈیکل سوشل سروسز یونٹ کی عمارت کو معذور افراد کی ضروریات کے مطابق بلڈنگ کوڈ کی روشنی میں بنایا جائے تاکہ وہ سہولت اور وقار کے ساتھ اپنی ضروریات پوری کر سکیں۔ انہوں نے معذوری سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے آئے ہوئے افراد سے بات چیت کی اور ان سے فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ بعد ازاں وزیر نے میڈیکل اسسمنٹ بورڈ کے دفتر کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ تمام پینڈنگ معذوری سرٹیفکیٹس ضروری کارروائی کے بعد جلد جاری کیے جائیں۔



صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ سروسز ہسپتال میں سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں



25/7/25
C.O
AD (Pub)
25/07/25
DDCP&PR/

چیف ایڈیٹر محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر، نوید چودھری
DAILY 42 ABC Certified
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر 13، جمعۃ المبارک 25 جولائی 2025ء، 29 محرم الحرام 1447ھ، 10 ساون 2082 بکرمی، صفحات 8، قیمت 30 روپے، شمارہ نمبر 293


# سہیل شوکت بٹ کا میڈیکل سوشل سروسز یونٹ کا دورہ

## معذور افراد کو سٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات کی فراہمی کی ہدایت

جیل روڈ (کلیم اختر) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ کا سروسز ہسپتال میں قائم میڈیکل سوشل سروسز یونٹ کا دورہ، معذور افراد کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ افرادِ باہم معذوری کیلئے سٹیٹ آف دی آرٹ سہولیات کی فراہمی کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے سروسز ہسپتال لاہور میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت قائم میڈیکل سوشل سروسز یونٹ کا دورہ کیا۔ متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ یونٹ کی عمارت کو مکمل طور پر بلڈنگ کوڈ کے مطابق بنایا جائے۔ وہیل چیئر استعمال کرنے والے افراد کو کسی مشکل کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ سہیل شوکت بٹ نے ویٹنگ ایریا، واش رومز اور پینے کے ٹھنڈے پانی کی دستیابی کو یقینی بنانے کے احکامات بھی جاری کیے۔ ایم ایس سروسز ہسپتال و سوشل ویلفیئر حکام کو تمام زیر التوا معذوری سرٹیفکیٹ فوری جاری کرنے کی ہدایت کی۔

25-07-2025

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
روزنامہ
جہان پاکستان
لاہور



صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ سروسز ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

# صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ کا سروسز ہسپتال کا دورہ

## محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت قائم کردہ میڈیکل سوشل سروسز یونٹ کا جائزہ لیا

لاہور (ہیلتھ رپورٹر) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ نے سروسز ہسپتال کا دورہ کیا۔ انہوں نے محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت قائم کردہ میڈیکل سوشل سروسز یونٹ کا جائزہ لیا۔ ایم ایس سروسز ہسپتال ڈاکٹر عابد محمود غوری اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران بھی صوبائی وزیر کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ نے ایم ایس سروسز ہسپتال اور سوشل ویلفیئر کے افسروں کو ہدایت دی کہ میڈیکل سوشل سروسز یونٹ کی عمارت کو معذور افراد کی ضروریات کے مطابق بلڈنگ کوڈ کی روشنی میں بنایا جائے تاکہ وہ سہولت اور وقار کے ساتھ اپنی ضروریات پوری کر سکیں۔ یونٹ میں افراد باہم معذوری کی آسانی کے لئے وہیل چیئرز کیلئے موزوں ریمپ، معذور افراد کے لئے بلڈنگ کوڈ کے مطابق خصوصی واش رومز، صاف ویٹنگ ایریا اور پینے کے ٹھنڈے پانی کی سہولتیں فوری طور پر فراہم کی جائیں۔ انہوں نے معذوری سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے آئے ہوئے افراد سے بات چیت کی اور ان سے فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ بعد ازاں وزیر نے میڈیکل اسسمنٹ بورڈ کے دفتر کا معائنہ کیا اور ہدایت کی کہ تمام پینڈنگ معذوری سرٹیفکیٹس ضروری کارروائی کے بعد جلد جاری کئے جائیں۔ اس ضمن میں متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں حکومت ایسے تمام شہریوں کی بھرپور سرپرستی کر رہی ہے جنہیں خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔

25/7/25
C.O
AD(Pub)
25/07/25
DD(P&PR)

CamScanner

25/7/25
C.O
AD (Pub)
25/07/25
DD (P&PR)


روزنامہ ایکسپریس لاہور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 25 شمارہ 143 | جمعۃ المبارک، 29 محرم الحرام، 25 جولائی 2025ء، 10 ساون، صفحات 10 قیمت 40 روپے


# پنجاب سینئر سٹیزنز ویلفیئر کونسل بنانے کا فیصلہ

## مقصد بزرگ شہریوں کی سماجی، طبی، قانونی، معاشی فلاح ہے، بل اسمبلی میں پیش

لاہور (ایکسپریس رپورٹر) پنجاب میں بزرگ شہریوں کی فلاح و بہبود کیلئے اہم اقدام، پنجاب میں بزرگ شہریوں کی فلاح و بہبود کا قانون تیار کرلیا گیا، بل کے تحت پنجاب سینئر سٹیزنز ویلفیئر کونسل قائم کی جائیگی، بزرگ شہریوں کی سماجی، طبی، قانونی اور معاشی فلاح بل کا مقصد ہے۔ بل کے متن کے مطابق 70 سال یا زائد عمر والے شہری سینئر سٹیزن کہلائیں گے، بزرگ شہریوں کیلئے خصوصی فنڈ سینئر سٹیزنز ویلفیئر فنڈ قائم ہوگا، کونسل کو فنڈز، عطیات، حکومتی گرانٹس اور ڈونیشنز حاصل ہوں گی، بے سہارا، لاوارث، معذور یا بغیر آمدن بزرگوں کو مالی امداد دی جائیگی، حکومت بزرگ شہریوں کے لئے اولڈ ہومز، مفت علاج اور قانونی مدد فراہم کریگی، پبلک پارکس، لائبریریز، میوزیمز میں بزرگ شہریوں کیلئے فری انٹری تجویز بھی ہے، پنجاب سینئر سٹیزنز ویلفیئر بل 2025 اسمبلی میں پیش کردیا گیا، پنجاب سینئر سٹیزنز ویلفیئر بل 2025 اسمبلی نے قائمہ کمیٹی کو ریفر کردیا، پنجاب اسمبلی کی قائمہ کمیٹی پنجاب سینئر سٹیزنز ویلفیئر بل 2025 کی منظوری دیگی، بزرگ شہریوں کیلئے الگ کاؤنٹرز، پبلک مقامات پر ریمپس، ٹرانسپورٹ سہولیات شامل ہیں، فلاحی تنظیموں کے ساتھ تعاون، سینئر سٹیزنز کے لئے ہیلپ لائن بھی قائم ہوگی، ہر سرکاری ہسپتال میں بزرگوں کی نگہداشت خدمات کی فراہمی لازم قرار دی گئی ہے۔

[signature] 25/7/25 C.O AD (Pub) 25/07/25 DD(PIPR)

**Daily 92 News**

**25-07-2025**

# اشتہار برائے خالی آسامیاں برائے معذور افراد

محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سرگودھا ڈویژن میں تین فیصد (3%) معذوری کوٹہ کی خالی آسامیوں پر حکومت پنجاب کی (Recrutment policy 20022) اور (Contract Appointment Policy 2004) کے تحت کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کے لیے درج ذیل شرائط پر پورا اترنے والے صوبہ پنجاب کے سکونتی امیدواران سے 06.08.2025 تک درخواستیں مطلوب ہیں۔ ٹیسٹ انٹرویو کے لیے بعد میں مطلع کیا جائے گا۔

| نمبر شمار | نام آسامی | بنیادی سکیل | تعداد آسامی | تعلیمی قابلیت | جائے تعیناتی | عمر کی حد |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | جونیئر کلرک | 11 | 01 | (i) انٹرمیڈیٹ (FA) کم از کم سیکنڈ ڈویژن یا مساوی تعلیم کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ سے اور (ii) کمپیوٹر ٹائپنگ سپیڈ 25 الفاظ فی منٹ کم از کم۔ | سرگودھا ڈویژن | 18 تا 25 سال |

## شرائط۔

۱۔ امیدوار سادہ کاغذ پر درخواست بمعہ مصدقہ نقول تعلیمی اسناد، سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل (پنجاب) تجربہ شناختی کارڈ، معذوری سرٹیفکیٹ اور دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر بنام ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال x-5 بالمقابل ٹیلی فون ایکسچینج نیو سیٹلائٹ ٹاؤن نزد ٹاہلی چوک سرگودھا بذریعہ ڈاک ارسال کریں۔

۲۔ معذوری سرٹیفکیٹ محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب کی طرف سے جاری کردہ ہو اور سرٹیفکیٹ کے مطابق امیدوار کام کرنے کا اہل ہو۔

۳۔ خالی آسامیوں پر بھرتی حکومت پنجاب کی (Recrutment Policy 2022) اور (Contract Appointment Policy 2004) کے مطابق کی جائے گی۔

۴۔ سرگودھا ڈویژن کے امیدوارن کو ترجیح دی جائے گی۔

۵۔ سرکاری و نیم سرکاری ادارہ جات کے ملازمین اپنے متعلقہ محکمہ کے توسط سے درخواستیں ارسال کریں

۶۔ امیدواروں کو عمر کی بالائی حصہ میں حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق رعایت دی جائے گی۔

۷۔ مقررہ شدہ تاریخ کو دفتری اوقات کے بعد درخواستیں وصول نہ کی جائیں گی۔ صرف وہ امیدوار ٹیسٹ انٹرویو کے اہل ہونگے جن کی درخواستیں ہر لحاظ سے مکمل پائی جائیں گی اور ان کو ہی کال لیٹر جاری کیا جائے گا۔

۸۔ مجاز اتھارٹی کی منظوری سے آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے یا بغیر کسی نوٹس کے بھرتی منسوخ کی جاسکتی ہے

۹۔ کسی بھی امیدوار کو TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

IPL-3660

**ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سرگودھا ڈویژن سرگودھا**

**x-5 بالمقابل ٹیلی فون ایکسچینج نیو سیٹلائٹ ٹاؤن نزد ٹاہلی چوک سرگودھا فون نمبر 0483-210077**

CamScanner